مورخہ 06-08-2023

| نمبرشمار | اہم قومی ومقامی خبریں | اخبارات |
| --- | --- | --- |
| 01 | سرکاری اداروں میں احتساب شفافیت اور ذمہ داری کی پاسداری لازمی ہے، گورنر بلوچستان | جنگ ودیگراخبارات |
| 02 | وزیراعلیٰ کی قیادت میں عوامی فلاح کے منصوبے جاری، ای خدمت مرکز کا قیام عمل | مشرق ودیگراخبارات |
| 03 | زرعی یونیورسٹی کی تعمیر زراعت کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گی، اسد بلوچ | مشرق ودیگراخبارات |
| 04 | حلقہ انتخاب میں بلاتفریق اجتماعی کام کیئے، نور محمد دمڑ | جنگ ودیگراخبارات |
| 05 | جے یو آئی پر حملوں سے مسائل حل نہیں ہوں گے، مولانا عبدالواسع | جنگ ودیگراخبارات |
| 06 | ژوب کی زراعت کو اہمیت نہیں دی گئی زمیندار طبقہ پریشان، مٹھا خان کاکڑ | مشرق ودیگراخبارات |
| 07 | دو دہائیوں سے حالت جنگ میں قربانیاں دیکر بلوچستان میں امن کو یقینی بنایا، آئی جی پولیس | مشرق ودیگراخبارات |
| 08 | بلوچستان کی آبادی 1 کروڑ 48 لاکھ سے زائد 5 سال میں 25 لاکھ کا اضافہ | جنگ ودیگراخبارات |
| 09 | کوہلو میں پہلی مرتبہ ایگل اسکواڈ کی ٹیمیں تشکیل دی جارہی ہیں، ڈی آئی جی سبی | جنگ ودیگراخبارات |
| 10 | چمن غیر حاضری وغفلت برتنے پر 15 لیویز اہلکار ڈیوٹیوں سے فارغ | جنگ ودیگراخبارات |
| 11 | بلوچستان میں انتخابات سے متعلق الیکشن کمیشن کی تیاریاں مکمل | جنگ ودیگراخبارات |
| 12 | بی این پی مردم شماری کے نتائج کو مسترد کر دیا لائحہ عمل طے کرنے کا اعلان | جنگ ودیگراخبارات |
| 13 | کوئٹہ میں امن سیمینار کے مثبت نتائج برآمد ہونگے، اے این پی | جنگ ودیگراخبارات |
| 14 | انتخابی جدوجہد کے ذریعے حقیقی تبدیل لائیں گے، جماعت اسلامی | جنگ ودیگراخبارات |
| 15 | رہنماؤں کے گھروں پر حملہ انتہائی بزدلانہ فعل ہے، نیشنل پارٹی | جنگ ودیگراخبارات |
| 16 | حقوق کی جدوجہد تیز اور عوام کو مشکل حالات سے نجات دلائیں گے، پشتونخواہ میپ | جنگ ودیگراخبارات |
| 17 | | |

## امن وامان

جھل مگسی کے کسان کی میت ڈیرہ مراد جمالی لے جانے نہیں دی گئی، لواحقین کا احتجاج، جھل مگسی میں خونی تکرار سے موضع کرمانی کے امداد جویا قتل، وڈیو وائرل، آوارن میں سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر حملہ ایک سپاہی زخمی، تربت توہین رسالت کے الزام میں اسکول ٹیچر فائرنگ سے ہلاک، کوئٹہ پولیو ٹیم کی سیکورٹی پر مامور اہلکاروں پر حملہ ناکام، ملزمان فرار،

مورخہ 06-08-2023

## عوامی مسائل

ماہ جولائی بجلی بل دیکھتے ہی شہریوں پر قیامت ٹوٹ پڑی، بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کے عذاب سے جان نہ چھوٹ سکی، میکانگی روڈ اور ملحقہ علاقوں میں آلودہ پانی کی ترسیل، سرکی روڈ پر ممنوعہ اوقات میں بھاری گاڑیوں کی آمدورفت،

## اداریہ :

روزنامہ جنگ کوئٹہ نے " **افغانستان سے دہشت گردی ؟** " کہ عنوان سے اداریہ تحریر کیا ہے کہ پاکستان گزشتہ چار دہائیوں سے لاکھوں افغانیوں کو اپنے ہاں پناہ دے کر اور کئی معاملات میں بین الاقوامی سطح پر افغانستان کی مدد کر کے مسلسل یہ ثابت کرتا رہا ہے کہ اسے افغانستان میں امن واستحکام عزیز ہے لیکن یہ تلخ حقیقت ہے کہ افغانستان کی طرف سے پاکستان کے لئے خیر سگالی کے جذبات کا اظہار کم ہی دیکھنے میں آتا ہے، افغانستان کے شہریوں کی پاکستان میں دہشتگرد کارروائیوں میں ملوث ہونا اور افغان سرزمین کا استعمال انتہائی افسوس ناک اور قابل مذمت ہے، ژوب کینٹ کے واقعہ میں بھی افغان دہشت گردوں کے ملوث ہونے کی خبریں سامنے آئیں، چندروز قبل باجوڑ میں جے یوآئی کے ورکرز کنونشن میں خودکش حملہ جسے ریاست پاکستان کیخلاف کھلی دہشت گردی قرار دیتے ہوئے جے یوآئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمٰن کا کہنا ہے کہ افغانستان سے پاکستان میں دہشت گردی ہورہی ہے، لہذا افغان حکومت سے کارروائی کا کہا جائے،

## اداریہ:

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**گیم چینجر اقتصادی راہداری سے پاکستان نے کیا کھویا کیا پایا!**" کہ عنوان سے اداریہ تحریر کیا۔

روزنامہ مشرق کوئٹہ نے "**وزیر اعظم کادورہ گوادر وزیر اعلیٰ کی عدم شرکت**" کہ عنوان سے ساجد خان کا مضمون شائع کیا۔

برائے ڈائریکٹر جنرل

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 06 AUG 2023

Page No: 1


## محتسب کمزور افراد کیلئے انصاف کا سستا ترین ذریعہ ہے، گورنر

### ہراسگی کے حوالے سے ابہام دور کیا جائے، ایف پی او کے سیمینار سے خطاب

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا ہے کہ تمام سرکاری اداروں میں احتساب، شفافیت اور ذمہ داری کی پاسداری لازمی ہے جس کیلئے مضبوط چیک اینڈ بیلنس میکنزم کا ہونا اولین شرط ہے انصاف کی فراہمی میں ہراسمنٹ سے متعلق بہت ابہام پایا جاتا ہے جو بحث اور تحقیق طلب ہے قانونی ماہرین کی ذمہ داری ہے کہ ہراسمنٹ کو زیادہ واضح کریں تاکہ عدل و انصاف کے تقاضے پورے ہو سکیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے فورم آف پاکستان محتسب (ایف پی او) کے زیر اہتمام ایک روزہ سیمینار بعنوان "سرکاری اداروں میں بدانتظامی کے خاتمے کے حوالے سے محتسب کا کردار" کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر وفاقی محتسب برائے ٹیکس ڈاکٹر محمود آصف، وفاقی محتسب بینکنگ سراج الدین عزیز، وفاقی محتسب آزاد جموں کشمیر چوہدری محمد نعیم، صوبائی محتسب بلوچستان نذر بلوچ اور ریجنل ڈائریکٹر غلام سرور براہوی سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد شریک تھے گورنر بلوچستان نے کہا کہ خواتین ہماری آبادی کا نصف سے زائد حصہ ہیں جن کی تمام سرگرمیوں میں شرکت اور شمولیت لازمی ہے صوبائی محتسب بلوچستان نذر بلوچ اور ان کی ٹیم کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس ادارے کے فیصلے انصاف پر مبنی ہوتے ہیں اور یہ حقیقت ہے کہ محتسب کا ادارہ معاشرے کے غریب ترین اور کمزور ترین افراد کو سستا انصاف فراہم کرنے کا اہم ترین ذریعہ ہے۔


MASHRIQ QUETTA


## سرکاری اداروں میں احتساب، شفافیت اور ذمہ داری کی پاسداری لازمی ہے، گورنر بلوچستان

انصاف کی فراہمی میں ہراسمنٹ سے متعلق بہت ابہام پایا جاتا ہے جو کہ بحث طلب اور تحقیق طلب ہے، ملک عبدالولی خان کاکڑ

قانونی ماہرین کی ذمہ داری ہے کہ ہراسمنٹ کو زیادہ واضح کریں تاکہ عدل و انصاف کے تقاضے پورے ہوسکیں، سیمینار سے خطاب

حکومت امن و امان کو برقرار رکھنے اور صوبے کی ترقی کیلئے تمام وسائل بروئے کار لا رہی ہے، آل پارٹیز کمیٹی ژوب کے وفد سے گفتگو

کوئٹہ (خ ن) گورنر بلوچستان ملک عبدالولی خان کاکڑ نے کہا کہ تمام سرکاری اداروں میں احتساب، شفافیت اور ذمہ داری کی پاسداری لازمی ہے جس کیلئے مضبوط چیک اینڈ بیلنس میکنزم کا ہونا اولین شرط ہے۔ انہوں نے کہا کہ انصاف کی فراہمی میں ہراسمنٹ سے متعلق بہت ابہام پایا جاتا ہے جو کہ بحث طلب اور تحقیق طلب ہے۔ قانونی ماہرین کی ذمہ داری ہے کہ ہراسمنٹ کو زیادہ واضح کریں تاکہ عدل و انصاف کے تقاضے پورے ہوسکیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے فورم آف پاکستان محتسب (ایف پی او) کے زیر اہتمام ایک روزہ سیمینار بعنوان......... بقیہ نمبر 19 صفحہ 9 پر

"سرکاری اداروں میں بدانتظامی کے خاتمے کے حوالے سے محتسب کا کردار" میں شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر وفاقی محتسب برائے ٹیکس ڈاکٹر محمود آصف، وفاقی محتسب بینکنگ سراج الدین عزیز، وفاقی محتسب آزاد جموں کشمیر چوہدری محمد نعیم، صوبائی محتسب بلوچستان نذر بلوچ اور ریجنل ڈائریکٹر غلام سرور براہوی سمیت زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد شریک تھے۔ اس موقع پر گورنر بلوچستان نے کہا کہ خواتین ہماری کل آبادی کا نصف سے زائد حصہ ہے جن کی تمام سرگرمیوں میں شرکت اور شمولیت لازمی ہے۔ صوبائی محتسب بلوچستان نذر بلوچ اور ان کی پوری ٹیم کی انتھک کاوشوں کو سراہتے ہوئے انہوں نے کہا کہ اس ادارے کے فیصلے انصاف پر مبنی ہوتے ہیں اور یہ حقیقت ہے کہ محتسب کا ادارہ معاشرے کے غریب ترین اور کمزور ترین افراد کو سستا انصاف فراہم کرنے کا اہم ترین ذریعہ ہے۔ گورنر بلوچستان نے کہا کہ موجودہ دور میں جدید ٹیکنالوجی کی اہمیت اور افادیت سے انکار ممکن نہیں ہے لہٰذا اداروں اور محکموں کو کمپیوٹرائز کیے بغیر اچھی طرز حکمرانی کے خواب کو شرمندہ تعبیر نہیں کیا جاسکتا۔ ایک شفاف اور مربوط نظام کو یقینی بنانے کیلئے سرکاری آفیسرز اور ملازمین کے استعداد کار کو بڑھانا بھی اشد ضروری ہے۔ انہوں نے وفاق اور دیگر صوبوں سے آئے ہوئے مہمانوں کی آمد خوش آئند قرار دیا اور کہا کہ اس سے ہمیں ایک دوسرے کے علم و تجربہ سے استفادہ کرنے کے مواقع میسر ہو جاتے ہیں۔ آخر میں گورنر بلوچستان نے فورم آف پاکستان محتسب کی جانب سے منعقدہ ایک روزہ سیمینار کے شرکاء اور منتظمین میں یادگاری شیلڈز اور قالین تقسیم کیے۔ دریں اثناء گورنر بلوچستان ملک عبدالولی کاکڑ نے کہا ہے کہ حکومت بلوچستان کے تمام علاقوں کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کیلئے کوشاں ہے

# Governor for mechanism to ensure transparency in institutions

**Staff Report**

**QUETTA**: Governor Balochistan Malik Abdul Wali Khan Kakar on Saturday stressed for the formation of a strong check and balance mechanism to ensure accountability, transparency and responsibility in all government institutions.

He said that there was lot of ambiguity regarding the provision of justice in harassment cases, which required discussion and research. It is the responsibility of legal experts to make laws regarding harassment so that the requirements of justice and fairness could be fulfilled, he said while addressing the participants of a seminar titled "Role of Ombudsman in Eradication of Mismanagement in Public Institutions" organized by the Forum of Pakistan Ombudsmen (FPO). The Governor said women constitute more than half of our total population, whose participation in all forums is mandatory. Abdul Wali Kakar said that the importance and usefulness of modern technology could not be denied in the present era. therefore, the dream of good governance cannot be achieved without computerization of institutions and departments, he added. He said that the capacity building of government officers and employees was also imperative to ensure a transparent and integrated system.

Federal Tax Ombudsman Dr. Asif Mahmood, Federal Ombudsman for Banking Sirajuddin Aziz, Federal Ombudsman of Azad Jammu and Kashmir Chaudhry Muhammad Naeem, Provincial Ombudsman for Balochistan Nazar Baloch and Regional Director Ghulam Sarwar Brahvi and people from different walks of life participated in the seminar.

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE**
**GENERAL PUBLIC RELATIONS**
**BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. 1

DATE: 06 AUG 2023

Page No: 3


## وزیراعلیٰ کی قیادت میں عوامی فلاح کے منصوبے جاری، ای خدمت مرکز کا قیام عمل

**محکمہ ریونیو، ایکسائز، میٹروپولیٹن پولیس کی ڈیجیٹل خدمات سے استفادہ کیا جاسکتا ہے**

**ایک ہی چھت تلے بنیادی سہولیات کی فراہمی وزیراعلیٰ قدوس بزنجو کی عوام دوستی کا مظہر ہے**

کوئٹہ (آن لائن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو کی زیر قیادت صوبائی حکومت نے عوامی نوعیت کے منصوبوں کو ہمیشہ سرفہرست رکھا ہے اور ہمیشہ ایسے منصوبوں کو ترجیح دی ہے جن کے براہ راست فوائد عوام تک پہنچ سکیں صوبائی حکومت کے ایسے تمام اقدامات کا مقصد عوام کو نہ صرف بنیادی سہولیات زندگی کی فراہمی ہے بلکہ مجموعی طور پر ان کے معیار زندگی

بقیہ نمبر 56 صفحہ 7 پر

کو بھی بلند کرنا ہے گو کہ عوام کے لیے شروع ہونے والے منصوبوں کی فہرست طویل ہے لیکن ایک ایسا منصوبہ جو اپنے اندر جدت کی اہمیت رکھتا ہے اور اس حکومت کا طرہ امتیاز ہے وہ بلوچستان میں ای خدمت مراکز کا قیام ہے جس کا باقاعدہ آغاز ہو چکا ہے کوئٹہ میں محکمہ سائنس اینڈ انفارمیشن ٹیکنالوجی کے تحت گرلز کالج سبزل روڈ کے بالمقابل ای خدمت مرکز کا قیام عمل میں آ چکا ہے جس میں بنیادی طور پر شروع میں چار صوبائی محکموں کی ڈیجیٹل خدمات سے استفادہ کیا جاسکتا ہے جس میں محکمہ ریونیو سے متعلق فرد اور انتقال اور لینڈ ڈیجیٹائزیشن اور تمام متعلقہ امور کی کمپیوٹرائزیشن اہم نوعیت کے اقدامات شامل ہیں اس کے علاوہ محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن میں رجسٹریشن اور فیس کے نظام کو آسان اور قابل عمل بنایا گیا۔

Balochistan Time Quetta

## August 5 to be remembered as dark day in history of IIOJK: Bizenjo

**Staff Report**

**QUETTA:** Chief Minister Balochistan Abdul Quddus Bizenjo on Saturday said that August 5 will be remembered as a dark day in the history of Indian Illegally Occupied of Jammu and Kashmir (IIOJK) as it is a reminder of the humiliation that its people were subjected to four years ago.

In a message on Youm-e-Istehsal Kashmir (the fourth anniversary of the abrogation of Articles 370 and 35 A of ending IIOJK special status), the CM said the series of Indian state atrocities on IIOJK continues as a result that hundreds of thousands of innocent Kashmiris were martyred, Bizenjo added. He said extremists were being settled by taking away the lands of Kashmiris and efforts are being made to convert the majority of Muslims into a minority.

The lives of Kashmiris are being made miserable, he said, and asked the global community to take notice of the oppression and cruelty of the Indian state institutions. According to the United Nations resolution, Kashmiris should be given their right to self-determination, the chief minister added.

The people of Balochistan fully support the just right of self-determination of Kashmiris and will continue to raise its voice at every forum against state oppression in IIOJK.

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 1 DATE: 06 AUG 2023 Page No: 6


## زرعی یونیورسٹی کی تعمیر زراعت کے فروغ میں اہم کردار ادا کریگی، اسد بلوچ

**ملک میں وسائل کی تقسیم منصفانہ ہونی چاہیے، صوبائی وزیر، ترقی کیلئے تعاون فراہم کیا جائے گا، طیب لہڑی**

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر زراعت میر اسد اللہ بلوچ نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں بے پناہ قدرتی وسائل سے نوازا ہے، ہمیں اپنے قدرتی وسائل کو بہتر طریقے سے استعمال میں لانا ہوگا۔ زراعت کا شعبہ ملکی معیشت میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے۔ بلوچستان زرعی یونیورسٹی کی تعمیر زراعت کے فروغ میں اہم کردار ادا کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپ گریڈیشن آف ایگریکلچر کالج ٹو ایگریکلچر یونیورسٹی پروجیکٹ کے تحت آڈیٹوریم بلڈنگ کی افتتاحی تقریب کے شرکاء سے خطاب میں کیا۔ تقریب میں رکن اسمبلی میر عارف محمد حسنی، سیکرٹری زراعت محمد طیب لہڑی، پرنسپل زرعی کالج ایم اسلم نیازی، پروجیکٹ ڈائریکٹر انجینئر ناصر مجید سمیت دیگر نے شرکت کی۔ صوبائی وزیر میر اسد اللہ بلوچ نے کہا کہ زرعی یونیورسٹی میں طلبا کو ہر ممکن سہولیات فراہم کریں گے، بلوچستان کے طلباء و طالبات میں ٹیلنٹ کی کمی نہیں، انہیں بروقت مواقع فراہم کرنے کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان کے طلبا نے ہر شعبے میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوایا ہے۔ ہمیں علم کی طاقت پر یقین رکھنا چاہیے، بندوں کی طاقت کو مسترد کرتے ہیں۔ صوبائی وزیر نے اس بات پر زور دیا کہ ملک میں وسائل کی تقسیم منصفانہ ہونی چاہیے۔ انہوں نے زرعی یونیورسٹی کی تعمیر و ترقی میں حصہ ڈالنے والے افراد کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے ہر ضلع میں ایک زرعی یونیورسٹی تعمیر ہونی چاہیے۔ تقریب سے سیکرٹری زراعت محمد طیب لہڑی و دیگر شرکاء نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یہ تاریخی منصوبہ خوش اسلوبی سے پایہ تکمیل تک پہنچا، جس پر سب کو مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ زرعی یونیورسٹی کی کامیابی کیلئے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائیں گے۔ سیکرٹری زراعت نے کہا کہ یونیورسٹی میں ریسرچ پر خصوصی توجہ دی جانی چاہیے۔ یونیورسٹی کی ترقی کے لئے ہر ممکن تعاون فراہم کیا جائے گا۔ زرعی یونیورسٹی کو بین الاقوامی طرز و جدید خطوط پر استوار کریں گے۔ بعد ازاں صوبائی وزیر زراعت نے شرکاء کو سوونیئر بھی دیئے۔

## حلقہ انتخاب میں بلاتفریق اجتماعی کام کیے، نور محمد دمڑ

**الیکشن میں بھاری اکثریت سے کامیاب ہونگے، زیارت میں خطاب**

زیارت (پ ر) سینئر صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ حلقے میں ریکارڈ ترقیاتی کام اور سینکڑوں نوجوانوں کو روزگار دیا ہے۔ ہمارے کاروان میں شامل تمام افراد دست و بازو ہیں۔ حلقے میں سیاست، ذاتی چپقلش اور تعصب سے بالاتر ہوکر اجتماعی مفادات کے ترقیاتی منصوبے منظور کرائے جس پر مذہبی جماعت بوکھلاہٹ کا شکار ہوکر منفی حربے استعمال کررہی ہے۔ انتخابات میں مخالفین کو دس ہزار ووٹوں کی برتری سے شکست کردینگے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے فنڈز سے منظور شدہ بجلی فیڈرز یونین کونسل احمدون فیڈر، زندرہ چینہ کواس فیڈر اور منہ ڈزگی سپیرندی فیڈرز کی افتتاحی تقریب سے خطاب میں کیا۔ اس موقع پر چیئرمین ضلع کونسل زیارت عبدالستار کاکڑ، وائس چیئرمین حبیب اللہ پانیزئی، قبائلی، عمائدین، زمینداروں، وعلماء کرام، ایکسین کیسکو، ایس ڈی او کیسکو بھی موجود تھے۔ تقریب میں پارٹی عہدیداروں اور کارکنوں نے بھی بڑی تعداد میں شرکت کی۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ انتخابات میں عوام کے ساتھ جو وعدے کیے وہ پورے کردیے، میرے پانچ سالہ دور کا موازنہ ماضی سے کیا جائے، اگر ہم سے زیادہ کسی نے کام کیے ہیں تو میں سیاست چھوڑ دوں گا۔ صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے زندرہ میں عوامی مسائل اور زیارت میں سوشل میڈیا ورکرز اور کاروان کے کارکنوں عہدیداروں کے اجلاس سے بھی خطاب کیا۔

## جے یو آئی پر حملوں سے مسائل حل نہیں ہونگے، مولانا عبدالواسع

**چیئرمین پی ٹی آئی آج سرٹیفائیڈ چور ثابت ہوگئے ہیں، صوبائی امیر جمعیت**

کوئٹہ (پ ر) جمعیت کے صوبائی امیر وفاقی وزیر ہاؤسنگ اینڈ ورکس مولانا عبدالواسع نے کہا ہے کہ ملک میں امن و امان قائم رکھنے کے لیے تمام سیاسی جماعتوں اور قبائلی عمائدین کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا چاہیے۔ جمعیت پر حملوں سے مسائل حل نہیں ہونگے۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے اپنے دور میں سیاسی مخالفین کو انتقام کا نشانہ بنایا۔ انہوں نے کہا کہ سیاسی رہنما کا اثاثہ ظاہر نہ کرنا کرپشن ہے۔ عدالتی فیصلے سے ثابت ہوا چیئرمین پی ٹی آئی صادق امین نہیں بلکہ وہ کرپشن میں ملوث ہیں۔ چیئرمین پی ٹی آئی نے چوری ہی نہیں سینہ زوری بھی کی، اس سے پہلے ان کی بار بار استثنیٰ کی درخواستیں منظور ہوئیں لیکن آج وہ سرٹیفائیڈ چور ثابت ہوگئے ہیں۔ جمعیت کسی کی گرفتاری پر جشن نہیں مناتی، کوئی بھی شخص قانون سے بالاتر نہیں ہے۔


92 نیوز کوئٹہ


## ژوب کی زراعت کو اہمیت نہیں دی گئی، زمیندار طبقہ پریشان، مٹھا خان کاکڑ

**کاکڑ خراسان زرعی اہمیت کی حامل تحصیل، ملک کی 70 فیصد آمدن کا انحصار زراعت پر ہے، صوبائی مشیر اطلاعات**

**مناسب نفع نہ ملنے سے کسان کھیتی باڑی سے دستبردار ہو رہے، قمر دین میں زرعی اراضی پر ہل چلا کر اظہار ہمدردی**

ژوب (نامہ نگار) صوبائی مشیر اطلاعات حاجی مٹھا خان کاکڑ نے کہا ہے کہ آبنوشی اور تعلیم کیساتھ ساتھ کاکڑ خراسان کے لئے زراعت بھی اہمیت کی حامل ہے، کاکڑ خراسان زرعی اہمیت کی حامل تحصیل ہے، ملک کی 70 فیصد آمدن کا انحصار زراعت پر ہے لیکن ژوب کے سابق حکمرانوں نے دیگر ضروریات کی طرح زراعت کو بھی اہمیت نہیں دی، زمیندار طبقہ پریشان ہے، یہ بات انہوں نے قمر دین کے اطراف میں غریب کسانوں کے رقبے پر ہل چلا کر کسانوں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہی، ان کا مزید کہنا تھا کہ انتہائی مہنگی بجلی ڈیزل کی بلند قیمتیں اور کھادوں کے ہوشربا نرخ کی وجہ کسانوں کی پیداواری اخراجات بہت بڑھ جاتے ہیں، مناسب نفع نہ ملنے سے کسان کھیتی باڑی سے دستبردار ہو رہے ہیں جس کی وجہ سے پیداوار کم ہو رہی ہے، مہنگائی اور غربت بڑھ رہی ہے، انہوں نے کہا کہ پنجاب کی طرح ہمیں بھی کسان دوست پالیسیاں بنانے کی ضرورت ہے، مرکزی و صوبائی حکومت بلوچستان کے کسانوں کو ڈیزل، کھاد اور بجلی پر سبسڈی دے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: 92 نیوز کوئٹہ

Bullet No. 2

DATE: 06 AUG 2023

Page No: 6


# بلوچستان میں انتخابات سے متعلق الیکشن کمیشن کی تیاریاں مکمل

## آئندہ عام انتخابات کے حوالے سے الیکشن میٹریل بھی چھپوا کر تمام اضلاع میں بھجوا دیا

## سیلاب سے متاثرہ پولنگ اسٹیشنوں کی مرمت کیلئے چیف سیکریٹری کو مراسلہ ارسال کر دیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں آئندہ عام انتخابات کے انعقاد کیلئے الیکشن کمیشن نے تیاریاں مکمل کرلیں، پولنگ اسٹیشنز کا سروے کرلیا گیا، ضلع کچھی اور سبی میں (باقی صفحہ 5 بقیہ نمبر 1)

گزشتہ سیلاب سے متاثرہ 29 پولنگ اسٹیشنوں کی مرمت جلد مکمل کرانے کیلئے الیکشن کمیشن نے چیف سیکرٹری کو مراسلہ ارسال کر دیا۔ الیکشن کمیشن بلوچستان کے حکام کے مطابق صوبائی الیکشن کمیشن نے آئندہ عام انتخابات کیلئے تیاریاں ایک سال قبل سے شروع کر دی تھیں، اس سلسلے میں پولنگ اسٹیشنز کا سروے مکمل کرلیا گیا ہے، پولنگ اسٹیشنز کیلئے زیادہ تر محکمہ تعلیم اور صحت کی عمارتوں کا انتخاب کیا گیا ہے، الیکشن کمیشن بلوچستان کے حکام کے مطابق صوبے میں منتخب کیے گئے چالیس پولنگ اسٹیشنز کی عمارتیں گزشتہ سال کے سیلاب سے متاثر ہو کر مخدوش ہو گئیں تھیں، جن میں گیارہ عمارتوں کی مرمت کر دی گئی جبکہ 29 عمارتوں کی مرمت کیلئے الیکشن کمیشن نے چیف سیکرٹری بلوچستان کو مراسلہ لکھا ہے، 29 عمارتوں میں سے 25 ضلع کچھی اور چار سبی میں ہیں، الیکشن کمیشن بلوچستان کے حکام کے مطابق صوبائی الیکشن کمیشن نے آئندہ عام انتخابات کے حوالے سے الیکشن میٹریل بھی چھپوا کر تمام اضلاع میں بھجوا دیا ہے، صرف بیلٹ پیپرز کی چھپوائی کا کام باقی ہے۔

# CLIPPING SERVICE

**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

**نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان**

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 3

DATE: 06 AUG 2023

Page No: 8

## رہنماؤں کے گھروں پر حملہ انتہائی بزدلانہ فعل ہے، نیشنل پارٹی

### سیاسی شکست کھانے کے بعد چند عناصر منفی حربوں پر اتر آئے ہیں، ترجمان

کوئٹہ (پ ر) نیشنل پارٹی کے مرکزی ترجمان نے کیچ میں نیشنل پارٹی کے مرکزی فنانس سیکرٹری فدا حسین دشتی اور ضلعی صدر مشکور بلوچ کے گھروں پر [illegible] بم حملوں کی مذمت کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ بزدلانہ سفاکانہ دہشت گردی کا مقصد سیاسی رہنماؤں اور کارکنوں کو مرعوب کرنا ہے جو کسی صورت کامیاب نہیں ہوگی سیاسی میدان میں نیشنل پارٹی سے شکست کھانے کے بعد چند عناصر منفی حربے پر اتر آئے ہیں پارٹی جمہوری سیاسی جدوجہد پر یقین رکھتی ہے اس مقصد کے لیے نیشنل پارٹی نے کئی قائدین وکارکنوں کی قربانیاں دی ہے ترجمان نے کہا کہ گھروں پر دستی بم سے حملے انتہائی بزدلانہ فعل ہے جس کی پارٹی ہر سطح پر مذمت کرتی ہے اور مطالبہ کرتی ہے کہ سیاسی رہنماؤں اور کارکنوں کی حفاظت حکومت کا اولین فریضہ ہے حکومت کو چاہیے کہ دہشتگردی کا واقعات کا سدباب کر کے ملزمان کو گرفتار کرے۔

## حقوق کی جدوجہد تیز اور عوام کو مشکل حالات سے نجات دلائینگے، پشتونخوامیپ

### اکابرین کی طرح نظریات پر سمجھوتہ نہ کرنیکی روایات کو ہر قیمت پر برقرار رکھا جائیگا، فقیر خوشحال کاسی

زیارت (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹری فقیر خوشحال کاسی نے کہا ہے کہ پارٹی قومی حقوق کیلئے جدوجہد میں مزید تیزی لاکر عوام کو اس مشکل اور اذیت ناک صورتحال سے نجات دلانے میں ضرور کامیاب ہوگی اور پارٹی رہنما اور کارکن اپنے سیاسی اکابرین کی طرح نظریات اور قومی مفادات پر کسی قسم کا سمجھوتہ نہ کرنے کی روایات ہر قیمت پر برقرار رکھتے ہوئے عوام کی بھرپور خدمت کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے زیارت کی ضلعی کمیٹی کے اجلاس سے خطاب میں کیا۔ اجلاس میں صوبائی سیکرٹری اطلاعات زمان خان، صوبائی ڈپٹی سیکرٹری عبدالفیاض، مرکزی کمیٹی کا ارکان شاہ زمان، عصمت اللہ ودیگر نے بھی شرکت کی۔ اجلاس میں گزشتہ کارکردگی کا جائزہ اور آئندہ لائحہ عمل کے طور پر تنظیمی ذمہ داریاں سونپی گئیں۔ خوشحال کاسی نے کہا کہ پارٹی کی تنظیم نو کا عمل اطمینان بخش طریقے سے جاری ہے جس پر ہر ادارے کے کارکن داد وتحسین کا مستحق ہیں اور اسی کے ساتھ عوام کا پارٹی کیلئے نیک خواہشات و پذیرائی اور ہزاروں کی تعداد میں افراد کی پارٹی میں شمولیت اس بات کی دلیل ہے کہ پارٹی عوامی امنگوں کے مطابق بیانیہ لیکر صحیح سمت میں محو سفر ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ملک اور پشتونخوا وطن کی سیاست کے میدان میں پشتونخوامیپ انتہائی لگن، محنت، جرأت، استقامت کے ساتھ قومی غلامی، آمرانہ قوتوں، دہشتگردی، مہنگائی، بے روزگاری، غربت، بھوک و افلاس اور جہالت کے خلاف جدوجہد کر رہی ہے۔ پارٹی نے قلیل مدت میں عوامی اعتماد حاصل کیا جو خوش آئند ہے لیکن پارٹی ارکان نے اس بات کا بھی ادراک کرنا ہوگا کہ قومی غلامی سے نجات جیسے ہدف کے حصول اور کٹھن راستے کو عبور کرنے کیلئے عوام کو پارٹی صفوں میں شامل کر کے انکو منظم کرنا ہوگا۔

# CLIPPING SERVICE


**DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN**

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No. 4

DATE: 06 AUG 2023

Page No: 9


## تربت: نیشنل پارٹی کے دو رہنماؤں کے گھروں پر دستی بم حملے

تربت (نامہ نگار) تربت میں نامعلوم افراد نے نیشنل پارٹی کے مرکزی فنانس سیکرٹری حاجی فدا حسین دشتی اور ضلعی صدر مشکور انور ایڈووکیٹ کی رہائش گاہوں پر الگ الگ دستی بم پھینکے جو زوردار دھماکوں سے پھٹ گئے۔ تاہم ان سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔

## کوئٹہ: پولیو ٹیم کی سیکورٹی پر مامور اہلکاروں پر حملہ ناکام، ملزمان فرار

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پولیو ٹیم کی سیکورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں ایک بار پھر نشانہ بنانے کی کوشش ناکام، سریاب کلی جہلم کاریز پولیس پر نامعلوم افراد نے فائرنگ کردی تاہم اہلکار معجزانہ طور پر محفوظ رہے، جوابی کارروائی سے حملہ آور فرار ہو گئے پولیس کے مطابق سریاب روڈ کے علاقے کلی جہلم کاریز میں گزشتہ روز دو جوان پولیو ٹیم کی سیکورٹی کی ڈیوٹی انجام دے رہے تھے ٹیم کی رضا کار خواتین بچوں قطرے پلانے کیلئے ایک گھر میں گئی ہوئی تھی کہ اسی دوران نامعلوم افراد نے جوانوں پر فائرنگ کردی تاہم جوان معجزانہ طور پر محفوظ رہے اور جرات و بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے فوری جوابی کارروائی کی جس پر حملہ آور قریبی کھیت میں فرار ہو گئے اطلاع ملنے پر ایس ایس پی آپریشنز زوہیب محسن، ایس پی سریاب ڈویژن ضیاء اللہ مندوخیل اور پولیس کی بھاری نفری نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے کر حملہ آور کی گرفتاری کیلئے سرچ آپریشن شروع کردیا واضح رہے کہ پانچ روز کے دوران پولیو ٹیم کی سیکورٹی پر مامور پولیس اہلکاروں پر چوتھا حملہ تھا جبکہ تین جوان شہید ہو چکے ہیں۔

## جھل مگسی کے کسان کی میت ڈیرہ مراد جمالی لیجانے نہیں دی گئی، لواحقین کا احتجاج

**پولیس نے اوستہ محمد کی طرف روانہ کردیا، ہمیں تشدد کا نشانہ بنایا گیا، والد کے قاتلوں کو گرفتار کیا جائے، بیٹی**

ڈیرہ مراد جمالی (نامہ نگار) جھل مگسی میں اراضی کے تنازع پر فائرنگ سے ایک کاشتکار ہلاک ہوگیا۔ جھل مگسی کے علاقے لیویز تھانہ کی حدود میں گزشتہ روز میرواہ کے مقام پر اراضی کے تنازع پر دو قبائل کے درمیان تصادم سے ایک کسان ہلاک ہو گیا۔ واقعہ کے خلاف مشتعل افراد دھرنے کے لئے ڈیرہ مراد جمالی لاش کے ہمراہ اوستہ محمد سے جا رہے تھے کہ پولیس تھانہ کشتیل فارم کی حدود میں پولیس نے رکاوٹیں کھڑی کر کے مظاہرین کو واپس اوستہ محمد روانہ کردیا جہاں پر مقتول کے ورثاء نے لاش کے ہمراہ تھانے کے سامنے احتجاج کر کے شاہراہ کو بلاک کردیا۔ اس موقع پر مقتول کی بیٹی نے الزام عائد کرتے ہوئے کہا کہ ہم پرامن احتجاج کے لئے ڈیرہ مراد جمالی جا رہے تھے مگر پولیس نے ہمیں گرفتار کر کے تشدد کر کے لاش کو اوستہ محمد لے جانے کو کہا جس میں ہم پیدل اور رکشے پر میت لے گئے۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ جھل مگسی کے بااثر افراد کی ایما پر میرے والد کو شہید کیا گیا اور ضلعی انتظامیہ ہم سے کوئی تعاون نہیں کر رہی۔ انہوں نے وزیراعلیٰ، چیف سیکرٹری و دیگر حکام سے اپیل کی کہ وہ میرے والد کے قاتلوں کو گرفتار کر کے ہمیں انصاف دلائیں۔ دوران پولیس نے جنگ کے رابطہ کرنے پر بتایا کہ ان پر کوئی تشدد نہیں کیا بلکہ ان کو اپنے علاقے میں احتجاج کا کہا گیا۔

## یارو: گاڑی سے 12 کلو چرس برآمد

پشین (نامہ نگار) ایس پی پشین حبیب احمد منگلوئی نے یارو چیک پوسٹ پر پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ ڈی آئی جی طارق جاوید مینگل کی خصوصی ہدایات پر ایس پی پشین حبیب احمد منگلوئی کی زیر نگرانی پشین لیویز نے یارو چیک پوسٹ پر گاڑی کے خفیہ خانوں سے 12 کلو چرس برآمد کر کے ملزم الہ جان کو گرفتار کرلیا۔

## حب ندی سے لڑکے کی لاش برآمد

حب (نامہ نگار) حب ندی کریش پلانٹ کے قریب ڈوبنے والے 14 سالہ لڑکے کی لاش نکال لی گئی جس کی شناخت محمد باسط ولد لعل بیگ کے نام سے ہوئی جو مدرسے کا طالب علم بتایا جاتا ہے۔

## تربت: توہین رسالت کے الزام میں اسکول ٹیچر فائرنگ سے ہلاک

تربت (نامہ نگار) تربت میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے اسکول ٹیچر ہلاک ہوگیا جس کی شناخت عبدالرؤف ولد برکت سکنہ دشت کے نام سے ہوئی ہے مقتول پر چند روز قبل توہین رسالت کا الزام لگایا گیا تھا اور وہ ہفتہ کو ملک آباد میں منعقدہ ایک مذہبی جرگے میں اپنی صفائی دینے جا رہا تھا کہ راستے میں نامعلوم افراد کی گولیوں کا نشانہ بن گیا۔


MASHRIQ QUETTA


## جھل مگسی میں خونی تکرار سے موضع کرمانی کے امداد جویا قتل، وڈیو وائرل

**سرداروں نوابوں کے ظلم کے خلاف اٹھنے والی آواز آج خاموش کردی گئی، مسمات رباب جویا**

اوستہ محمد (یو این اے) جھل مگسی میں خونی تکرار نے موضع کرمانی امداد جویا قتل، مسماۃ رباب جویا نے وڈیو وائرل کرتے ہوئے کہا کہ جھل مگسی میں ظلم کے خلاف سرداروں نوابوں کے خلاف اٹھنے والی آواز آج خاموش کردی گئی بلوچستان کی اے رباب آج یتیم ہوگئی ہیں بلوچستان میں آج بھی بندوق یا ۔۔۔ وحشت کی بادشاہت قائم ہے اسکو ظلم کی بادشاہت کے خلاف کوئی بھی بات کرتا ہے وہ گولیوں سے چھلنی ہو جاتا ہے۔ لیکن اس ملک کے حکمران سننے تک نہیں افسوس اس بات کی ہے کہ دو دن سے فائرنگ ہوتی کوئی انتظامیہ نہیں آیا اور ایسے محسوس ہوتا ہے کہ ریاست میں ریاست قائم ہے۔ 2017 سے جھگڑا چل رہا ہے اور میں اکثر میڈیا میں چلاتی رہی ہوں لیکن کسی نہ سنی نہ کچھ کردیا آخر کب تک یہ ظلم ہوتا رہے گا اور ہم غریب سہتے رہیں گے۔

## سریاب کلی زرین میں بھائیوں کی فائرنگ سے بہن سمیت دو افراد جاں بحق

کوئٹہ (کرائم رپورٹر) سریاب کلی زرین میں بھائیوں کی فائرنگ سے بہن سمیت دو افراد جاں بحق ہو گئے پولیس کے مطابق سریاب کے علاقے کلی زرین کے رہائشی عبدالحکیم کے دو بیٹوں نے گزشتہ روز گھر میں فائرنگ کر کے اپنی بہن اور احمد علی کو فائرنگ کر کے ہلاک کر کے فرار ہو گئے اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر لاشوں کو ہسپتال پہنچایا جہاں ضروری کارروائی کے بعد لاشیں ورثاء کے حوالے کردی۔


INTEKHAB QUETTA


## آواران میں سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر حملہ ایک سپاہی زخمی

کوئٹہ (این این آئی) آواران میں سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر حملہ ایک سپاہی زخمی ہوگیا۔ سیکورٹی فورسز کے مطابق ہفتہ کی شب آواران میں نامعلوم افراد نے سیکورٹی فورسز کی چیک پوسٹ پر فائرنگ کردی جس کے نتیجے میں ایک سپاہی شریف اللہ زخمی ہوگیا۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی سیکورٹی فورسز نے بھاری نفری بقیہ نمبر 51 صفحہ 7 پر

نے جائے وقوعہ پہنچ کر زخمی کو فوری طور پر طبی امداد کے لیے ہسپتال منتقل کر کے ملزمان کی تلاش شروع کردی۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL PUBLIC RELATIONS BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ حکومت بلوچستان

نظامت تعلقات عامہ بلوچستان

Daily: Century Express Quetta

Bullet No. 5

DATE: 06 AUG 2023

Page No: 10


# ماہ جولائی کا بجلی بل دیکھتے ہی شہریوں پر قیامت ٹوٹ پڑی

## چھوٹی فیملی کو بھی 10 سے 15 ہزار کا بل بھیج دیا گیا، کرایہ و بچوں کی فیس دیں، راشن ڈالیں، پانی کے ٹینکر منگوائیں یا ہزاروں روپے کے بجلی بل جمع کرائیں

**مہنگائی نے پہلے ہی زندہ درگور کر رکھا ہے، کھانے کو کچھ نہیں بل کہاں سے دیں، بجلی گھنٹوں غائب رہتی ہے، خودکشی پر مجبور ہو گئے، شہریوں کی دہائی**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) ماہ جولائی کے بجلی کے بلز نے شہریوں کو خون کے آنسو رلا دیا، دو سے تین افراد کی چھوٹی سی فیملی پر مشتمل گھر کو 10 سے 15 ہزار روپے کا بل بھیج دیا گیا، ہمارے پاس کھانے کو کچھ نہیں ہے اتنا بھاری بل کہاں سے دیں گے، شہریوں کی دہائی۔ تفصیلات کے مطابق ماہ جولائی کا بجلی کا بل ملتے ہی شہریوں کی چیخیں نکل گئیں، چھوٹی سی فیملی کو بھی 10 سے 15 ہزار روپے تک کا بل بھجوا دیا گیا۔ بل دیکھتے ہی شہریوں پر قیامت ٹوٹ پڑی اس حوالے سے شہریوں نے سنچری ایکسپریس کو بتایا کہ بے لگام مہنگائی کی وجہ سے پہلے ہی ان کا جینا مشکل ہے قلیل تنخواہوں میں گھر کا کرایہ دیں بچوں کے سکول کی فیس دیں راشن ڈالیں پانی کے ٹینکر منگوائی یا ہزاروں روپے کے بجلی کے بل بھریں ہمارا تو زندہ رہنا ہی مشکل ہو گیا ہے بجلی ہوتی نہیں اور اتنے بھاری بل بھیج کر ظالم حکومت نے غریبوں کا گلا گھونٹ دیا ہے ہمارے پاس کھانے کو کچھ نہیں ہے ہم بل کہاں سے دیں۔ ایک شہری نے بتایا کہ وہ ایک نجی ادارے میں ملازمت کرتا ہے اور اس کی ماہانہ تنخواہ 30 ہزار روپے ہے 15 ہزار روپے وہ گھر کا کرایہ دیتا ہے اس بار بجلی کا 12 ہزار روپے کا بل اسے بھیج دیا گیا ہے اب اگر وہ بل دیتا ہے تو پھر مہینہ بھر کیا کھائے گا بچوں کے اسکول کی فیس کہاں سے دے گا انہوں نے بتایا کہ اس حکومت نے تو شہریوں کو خودکشی پر مجبور کر دیا ہے حکمران تو گونگے بہرے ہیں انہیں صرف کرپشن اور اپنی عیاشیوں کی فکر ہے غریبوں کی فریاد سننے والا کوئی نہیں صرف اللہ ہماری فریاد سننے والا ہے اور کوئی نہیں۔ شہریوں نے حکومت سے اپیل کی کہ خدا کیلئے ان پر رحم کرے اور انہیں خودکشی پر مجبور نہ کرے۔

# بجلی کی طویل لوڈشیڈنگ کے عذاب سے جان نہ چھوٹ سکی

**غیر مستحکم وولٹیج کی وجہ سے لوگوں کی قیمتی الیکٹرک اشیاء بھی جل رہی ہیں**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ شہر میں بجلی کی طویل بندش کی وجہ سے لوگوں کے معمولات زندگی مفلوج ہو کر رہ گئے، شہر کے مختلف علاقوں میں صبح سے شام تک گھروں میں امور خانہ داری سمیت دیگر کام کاج سے بھی رہ گئے۔ گھروں میں بجلی کی کمی بیشی نے بھی رہی سہی کسر پوری کر دی۔ شہریوں کی قیمتی الیکٹرونکس اشیاء جلنے لگیں۔ عوامی حلقوں کے مطابق شہر بھر میں بار بار بجلی کی بندش کی وجہ سے لوگوں کو پریشانی کا سامنا ہے دن میں سات گھنٹے اور رات کے اوقات میں بھی بجلی بند کی جا رہی ہے جو گھریلو اور دکانداروں صارفین کیلئے پریشانی کا باعث ہے بجلی کی بار بار بندش اور کمی بیشی سے لوگوں کی قیمتی اشیاء بھی جل رہی ہیں۔

# سرکی روڈ پر ممنوعہ اوقات میں بھاری گاڑیوں کی آمد و رفت

**دن بھر اور شام کے اوقات میں بدترین ٹریفک جام سے عوام کو شدید مشکلات**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سرکی روڈ پر دن کے اوقات میں بھاری گاڑیوں اور ٹرکوں کی آمد و رفت کا سلسلہ جاری، ٹریفک جام کے شدید مسائل، عوام کو مشکلات کا سامنا ہے۔ تفصیلات کے مطابق عوامی و سماجی حلقوں نے متعلقہ حکام کی توجہ اس جانب مبذول کراتے ہوئے کہا ہے کہ سرکی روڈ پر بھاری گاڑیوں کی ممنوعہ اوقات میں بھی آمد و رفت جاری ہے جس کی وجہ سے یہاں ہر وقت ٹریفک جام رہنا معمول بن چکا ہے انہوں نے کہا کہ صبح اور اسکولوں کی چھٹی کے وقت ٹریفک جام کی وجہ سے شدید دشواری ہوتی ہے اور وہ بروقت نہیں پہنچ پاتے اس کے علاوہ وہ ذہنی کوفت کا الگ سامنا کرنا پڑتا ہے انہوں نے کہا کہ سرکی روڈ کے ارد گرد گنجان آبادی ہے۔ سٹیلائٹ ٹاؤن اور شہر آنے کیلئے بھی اس راستے کو استعمال کیا جاتا ہے ٹریفک جام رہنے سے مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے عوامی و سماجی حلقوں نے متعلقہ حکام سے اپیل کی ہے کہ ممنوعہ اوقات میں بھاری گاڑیوں کے داخلے پر مکمل پابندی لگائی جائے۔

# میکانگی روڈ اور ملحقہ علاقوں میں آلودہ پانی کی ترسیل

**نلکوں میں نالیوں کی آمیزش والا پانی آنے سے بیماریاں پھوٹنے کا خطرہ**

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) میکانگی روڈ، عارف روڈ، نجم الدین روڈ، اقبال سنگھ اسٹریٹ سمیت دیگر گلیوں میں عرصہ دراز سے پانی کے پائپ میں عرصہ دراز سے پائپ میں گندا پانی آ رہا ہے جس کی وجہ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جبکہ گندے پانی سے وبائی امراض ملیریا، ڈائریا سمیت دیگر امراض پھیلنے کا شدید خطرہ لاحق ہے۔ علاقے مکینوں نے متعدد بار گوالمنڈی واسا کے دفتر میں گندے پانی کی شکایت بھی کی لیکن اب تک کسی قسم کی کوئی شنوائی نہیں ہوئی علاقہ مکینوں نے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو، صوبائی وزیر واسا لالا رشید، ایم ڈی حامد لطیف رانا سمیت صوبائی محکمے سے نوٹس لینے کی اپیل کی ہے۔

# قمبرانی روڈ بشیر چوک پر ٹریفک جام معمول بن گیا، علاقہ مکین پریشان

**سبزی و پھل فروشوں، ریڑھی بانوں کی ناجائز تجاوزات سے حادثات معمول بن گئے**

## دکاندار اور گاہک پریشان، متعلقہ حکام فوری طور پر موثر کارروائی کریں، مطالبہ

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) کوئٹہ کے علاقے قمبرانی روڈ بشیر چوک پر ٹریفک جام معمول بن چکا ہے، علاقہ مکینوں کے مطابق مین روڈ کے درمیان سبزی فروش ریڑھی بانوں نے ناجائز تجاوزات قائم کر کے روڈ کو ہر قسم ٹریفک کے لیے جام کیا ہوا ہے، ریڑھی بان، سبزی فروشوں کی ہٹ دھرمی اور ناجائز تجاوزات کی وجہ سے کئی کئی گھنٹے ٹریفک جام رہتا ہے اور ریڑھی لاپرواہی کی وجہ سے روزانہ حادثات ہو رہے ہیں، ٹریفک جام کے معمول بننے سے چوک کے قریب تمام دکانداروں کی دکانداری بری طرح متاثر ہے اور گاہکوں کو بھی تکالیف کا سامنا رہتا ہے، علاقہ مکینوں نے مطالبہ کیا ہے کہ متعلقہ انتظامیہ ٹریفک جام کا سبب بننے والے ریڑھی بانوں اور تجاوزات کرنے والوں کے خلاف کارروائی کریں۔

## افغانستان سے دہشت گردی؟

پاکستان گزشتہ چار دہائیوں سے لاکھوں افغانیوں کو اپنے ہاں پناہ دے کر اور کئی معاملات میں بین الاقوامی سطح پر افغانستان کی مدد کر کے مسلسل یہ ثابت کرتا رہا ہے کہ اسے افغانستان میں امن و استحکام عزیز ہے لیکن یہ تلخ حقیقت ہے کہ افغانستان کی طرف سے پاکستان کے لئے خیر سگالی کے جذبات کا اظہار کم ہی دیکھنے میں آتا ہے۔ افغانستان کے شہریوں کی پاکستان میں دہشتگرد کارروائیوں میں ملوث ہونا اور افغان سرزمین کا استعمال انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ ژوب کینٹ کے واقعہ میں بھی افغان دہشت گردوں کے ملوث ہونے کی خبریں سامنے آئیں۔ چند روز قبل باجوڑ میں جے یو آئی کے ورکرز کنونشن میں خودکش حملہ جسے ریاست پاکستان کے خلاف عملی دہشت گردی قرار دیتے ہوئے جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمن کا کہنا ہے کہ افغانستان سے پاکستان میں دہشت گردی ہو رہی ہے لہٰذا افغان حکومت سے کارروائی کا کہا جائے۔ پشاور میں ایک گرینڈ قبائلی جرگہ ہوا جس میں پشتون بیلٹ کے سیاسی اور قبائلی عمائدین کے علاوہ جماعت اسلامی کے امیر سراج الحق، پی پی کے جنرل سیکرٹری نیر بخاری اور عوامی نیشنل پارٹی کے غلام احمد بلور بھی شریک ہوئے۔ قائدین نے اپنی آرا پیش کیں اور مختلف اضلاع میں دہشت گردی کے واقعات پر تشویش کا اظہار کیا۔ جرگہ نے باجوڑ دھماکہ میں جانی نقصان پر دکھ کا اظہار کرتے ہوئے اسے ڈالروں کے بدلے امن کو سبوتاژ کرنا اور منظم بین الاقوامی منصوبے کے تحت پاکستان کو معاشی، سیاسی اور داخلی طور پر مفلوج کرنے کی سازش قرار دیا۔ جرگے میں آل پارٹیز کانفرنس بلانے، پاکستان افغانستان دہشت گردی کی روک تھام کے لئے مشترکہ حکمت عملی اپنانے اور قبائلی عوام کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی کے وعدے پورے کرنے پر بھی زور دیا گیا۔ قیام امن کے لئے قوم کا متحد ہونا اہم تقاضا ہے۔ پاکستان اور افغانستان میں استحکام دونوں ملکوں کی ضرورت ہے افغان حکومت کو پاکستان میں دہشت گردی کرنے والے عناصر کے خلاف سخت کارروائی کرنی چاہئے۔

# وزیراعظم کا دورہ گوادر، وزیراعلیٰ کی عدم شرکت



......ساجد خان......

اگست، جولائی 2018ء کے عام انتخابات کے نتیجے میں بننے والی حکومتوں کے اختتام کا مہینہ ہے۔ بلوچستان کے اندر عدم اعتماد کی چال چل کر وزیراعلیٰ جام کمال خان ہٹا دیے گئے، جس کے بعد سنجیدگی دیکھنے کو نہ ملی۔ غیر آبرومندانہ ماحول میں حکومت چلائی گئی۔ عبدالقدوس بزنجو سے کام نکالا جاتا رہا ہے، وہ وزیراعلیٰ انیکسی میں مقید رہے ہیں۔ طویل وقت سوتے رہے ہیں۔ ان کی دماغی حالت بھی ٹھیک نہیں ہے۔ ان کی حکومت میں اتحادی اور حزب اختلاف صوبے کی ذلت، گراوٹ اور پستی سے نظریں چرائے اپنے فوائد سمیٹنے میں جتے رہے۔ حکومت اپنے عیوب چھپانے اور عوام کی ہمدردیاں سمیٹنے کی خاطر وفاق سے ٹکراؤ کی فضا بنانے کی کوشش کرتی رہی۔ این ایف سی ایوارڈ میں حصہ اور گیس رائلٹی واجبات اگرچہ جائز مطالبہ ہے۔ وفاق کا طرز عمل یقیناً استحصالی ہے مگر سچ یہ ہے کہ یہ کٹھ پتلی حکومت ان ایشوز کو محض موم کی ناک بنانے کے مصداق اچھالتی رہی۔

وزیراعظم شہباز شریف نے 27 جولائی کو گوادر کا دورہ کیا۔ ان کے ہمراہ گورنر بلوچستان عبدالولی کاکڑ، وفاقی وزراء احسن اقبال، اسعد محمود، آغا حسن بلوچ، آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر بھی موجود تھے۔ وزیراعظم نے ماہی گیروں میں امدادی چیک تقسیم کیے، طلبہ میں لیپ ٹاپ بانٹے، کئی منصوبوں کا افتتاح کیا اور سنگِ بنیاد رکھا۔ ان میں چائنا ایکسپو سینٹر، 102 کلومیٹر بسیمہ خضدار روڈ، 55 کلومیٹر آواران جھل جاؤ روڈ، نیو گوادر انٹرنیشنل ائیرپورٹ اور 132 کے وی کی پنجگور ناگ بسیمہ نال ٹرانسمیشن لائن شامل ہیں۔ عبدالقدوس بزنجو نے دورے سے ایک روز قبل بیان داغ دیا جس میں کہا گیا تھا کہ وزیراعظم دورہ کرنے کے بجائے دورے پر آنے والے اخراجات عوام پر خرچ کریں۔ انہوں نے کہا کہ دورے پر یومیہ پانچ کروڑ روپے خرچ ہوتے ہیں۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ ترقیاتی منصوبے انتظامی محکموں کے ذریعے مکمل کر کے عوام سے ان کا افتتاح کرایا جائے۔ یہ مضحکہ خیز مشورہ دیتے ہوئے انہیں اپنی اور اپنی حکومت کی لوٹ مار، بے اعتدالیاں، میرٹ کی پامالیاں، نوکریوں کی فروخت یاد نہیں آئی، نہ جامد ترقیاتی منصوبے دکھائی دیے، یہاں تک کہ شہر کوئٹہ کے اندر چھوٹی چھوٹی شاہراہوں کی تعمیر بھی ادھوری ہے، اگست 2022ء کے مون سون کی تباہ کاریوں کے نشانات اب تک موجود ہیں، قومی شاہراہ این 65 ایک سال بعد بھی بحال نہیں ہو سکی ہے۔ اس کے لیے اگر وفاقی حکومت، مولانا اسعد محمود اور این ایچ اے ذمہ دار ہیں تو ساتھ صوبائی حکومت کی گلوخلاصی بھی نہیں ہو سکتی۔ وفاقی وزیر اسعد محمود نااہل ثابت ہوئے کہ جو وزیراعظم شہباز شریف کے ہمراہ پنجرہ پل کے مقام پر دورے کے وقت موجود تھے۔ لسبیلہ اور کئی مقامات پر پل بہہ چکے ہیں جو اب تک تعمیر نہیں ہو سکے۔ این 65 پنجرہ پل کے مقام پر سیمنٹ کے پائپ ڈال کر مٹی کی بھرائی کر کے ٹریفک چھوڑ دی جاتی ہے، اور یہ پائپ ذرا سی بارش سے پھر بہہ جاتے ہیں۔ سیمنٹ کے پائپوں اور مٹی کی بھرائی پر اب تک کروڑوں روپے خرچ ہو چکے ہیں، لیکن ہنوز عارضی اقدامات ہو رہے ہیں۔ شہر کوئٹہ کے اندر سیلاب سے تباہ شاہراہیں اب تک تعمیر نہیں ہو سکی ہیں، جو خالصتاً صوبائی حکومت کے دائرہ کار میں آتی ہیں۔ تو پی ڈرامہ وزیراعظم کے دورہ گوادر میں شرکت نہ کرنے کی بات پھیلانے کا کیا گیا۔ بات پھیلائی گئی کہ گوادر احتجاجاً اس لیے نہیں گیا کہ وفاق صوبے کا حق دینے سے گریز کر رہا ہے۔ بہرحال جیسے تیسے یہ حکومت اختتام کو پہنچ رہی ہے۔ صوبے کے اندر پارٹیوں کی تلاش کا عمل بھی شروع ہو گیا ہے۔ بلوچستان عوامی پارٹی کے چند ارکانِ اسمبلی پہلے ہی پیپلز پارٹی میں شامل ہو چکے ہیں۔ شنید ہے کہ اب پچھتا رہے ہیں۔ عبدالقدوس وغیرہ نے فی الوقت بلوچستان عوامی پارٹی کو زندہ رکھنے کا فیصلہ کر رکھا ہے۔ بلوچستان عوامی پارٹی کے جام کمال خان، سینیٹر انوار الحق کاکڑ، سینیٹر سرفراز بگٹی، صوبائی وزیر محمد خان لہڑی، سرفراز ڈومکی، سابق وزیراعلیٰ جان جمالی اور چند دوسرے، مسلم لیگ (ن) سے بات پکی کر چکے ہیں۔ فضا سازگار رہے گی تو مزید بھی مسلم لیگ (ن) سے وابستہ ہو جائیں گے۔ بلوچستان میں تحریک انصاف کی صفائی کر دی گئی ہے۔ تحریک انصاف کے رہنما سابق وزیراعلیٰ پنجاب عثمان بزدار کی دست برداری بھی کوئٹہ میں کرائی گئی۔ وہ 2 جون کو خاموشی سے کوئٹہ پہنچے یا پہنچائے گئے، اور کوئٹہ پریس کلب میں نمودار ہو کر تحریک انصاف سے تعلق نہ رکھنے اور سیاست سے دست برداری کا اعلان کر دیا۔ بے چارے پھر بھی نہ بخشے گئے۔ بدعنوانی کے الزامات میں جکڑے ہوئے ہیں جبکہ قاسم سوری روپوش ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.______ DATE: 06 AUG 2023 Page No:______



کوئٹہ : گورنر ملک عبدالولی کاکڑ محتسب کے کردار پر سیمینار سے خطاب کر رہے ہیں



گورنر ملک عبدالولی کاکڑ سراوان ہاؤس میں نوابزادہ ہارون کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں



کوئٹہ: گورنر ملک عبدالولی میر دولت لہڑی کے بیٹے کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.________ DATE: 06 AUG 2023 Page No: ________



اسلام آباد: مشترکہ مفادات کونسل کے اجلاس کے بعد وزیراعظم شہباز شریف، وزیراعلیٰ قدوس بزنجو اور دیگر کا گروپ



اسلام آباد: وزیراعلیٰ عبدالقدوس بزنجو سے چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی، میر خالد مگسی، احسان ریکی اور آغا عمر احمدزئی ملاقات کر رہے ہیں


# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL PUBLIC RELATIONS
BALOCHISTAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان


Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.________ DATE: 06 AUG 2023 Page No: ________



آئی جی پولیس بلوچستان عبدالخالق شیخ سنگین جرائم کے تحقیقاتی ونگ
کی افتتاحی تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں